## کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

## نوٹس نیلامی برائے دکانات/ہالز واقع جناح روڈ ایبٹ آباد

## کاروباری حضرات کے لیے سنہری موقع

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ دکانات/ہالز واقع کاغان بیکری چوک جناح روڈ ایبٹ آباد کینٹ سابقہ HBL بینک والی دکانات ماہانہ کرایہ اور قابل واپسی سیکورٹی (Refundable Security) کی بنیاد پر دینے کے لیے نیلامی منعقد کر رہا ہے۔ نیلامی 2026/ 14 / 12 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ بلمقابل CMH میں منعقد ہو گی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہو گئی تو دوبارہ بولی بتاریخ 2026/ 15 / 12 جبکہ سہ بارہ نیلامی/بولی مؤرخہ 2026/ 16 / 12 کو ہو گی۔

| نمبر شمار | تفصیل | زرضمانت |
|---|---|---|
| 1 | دو کانات/ہالز برقبہ 544 مربع فٹ (دائیں جانب) اور برقبہ 913 مربع فٹ گراؤنڈ فلور و 823 مربع فٹ بیسمنٹ (بائیں جانب) پان چوک سابقہ HBL بینک جناح روڈ، ایبٹ آباد کینٹ | مبلغ-/1,000,000 (دس لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ |

### شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

2۔ ہر بولی دہندہ قبل از نیلامی مبلغ-/1,000,000 (دس لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ ہمراہ مصدقہ نقل قومی شناختی کارڈ جمع کروائے گا بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہو گا۔ اختتام بولی پر زرضمانت / کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ (Successful Bidder) پابند ہو گا کہ مبلغ ایک کروڑ روپے (RS.10,000,000) بطور قابلِ واپس ضمانتی رقم (RefundableSecurity) کینٹ بورڈ ایبٹ آباد میں جمع کروائے گا۔

4۔ دو کانات کی کرایہ کی بولی Refundable سیکورٹی کی بنیاد پر ہو گی اور کرایہ داری کی مدت قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔ نیز یہ کے کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد ایک ماہ کے اندر بلڈنگ کا قبضہ لینے کا پابند ہو گا۔

5۔ ابتدائی مدت کرایہ داری دس سال ہو گی۔ مدت مکمل ہونے پر بورڈ کی منظوری سے کرایہ داری کی تجدید کی جا سکے گی۔ تاہم مجموعی مدت کرایہ داری 30 سال سے زیادہ نہیں ہو گی۔ ہر تجدید پر ابتدائی قبل واپسی زرضمانت کا مزید 25% جمع کرانا لازم ہو گا۔ 30 سال کی مجموعی مدت مکمل ہونے پر جائیداد ہر صورت دوبارہ نیلام عام کی جائے گی۔

6۔ جائیداد کو زیلی کرایہ داری پر دینے کی اجازت کینٹ بورڈ کی پیشگی منظوری اور مقررہ فیس کی ادائیگی سے مشروط ہو گی۔ اس سلسلے میں بورڈ اور کرایہ دار کی مابین طے شدہ معاہدے کی شرائط لاگو ہو گی۔

7۔ حقوق کرایہ داری کی منتقلی پر نیے کرایہ دار کے ساتھ باقی ماندہ مدت کے لیے نیا معاہدہ کرایہ داری طے کیا جائے گا۔

8۔ موجودہ کرایہ داری کو پہلی اور سوسری مدت کرایہ داری مکمل ہونے پر تجدید کا ترجیحی حق حاصل ہو گا۔ تجدید سے انکار کی صورت میں جائیداد دوبارہ نیلام عام کی جائے گی۔

9۔ حقوق کرایہ داری کی منتقلی کینٹ بورڈ کی مقرر کردہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی سے مشروط ہو گی۔ منتقلی کی صورت میں سابقہ کرایہ دار کو قابل واپسی ذرضمانت کی مساوی رقم نیے کرایہ دار سے وصول ہو گی۔

10۔ سالانہ کرایہ میں کم از کم 10% اضافہ ہو گا۔ جبکہ افراط ذر کی شرح کے مطابق مزید اضافہ بھی کیا جا سکے گا۔

11۔ کرایہ دار عمارت کی Renovation پر کیے گئے خرچ کا کینٹونمنٹ بورڈ سے کلیم نہ کرے گا اور کرایہ داری کی مدت کے دوران اور مدت ختم ہونے کے بعد تمام Fitting/Fixture کینٹونمنٹ بورڈ کی ملکیت رہے گا۔ دوران کرایہ داری، معاہدہ کرایہ داری کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں بورڈ معاہدہ کرایہ داری ختم کر کے بلڈنگ کا قبضہ واپس لے سکتا ہے۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کے بعد ایک سال کا کرایہ ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ/ کرایہ دار بجلی، سیوریج، گیس، ٹیلی فون وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

14۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہو گی۔

15۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہو گا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہو گا۔

16۔ زیدِ تخطی/ مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔

17۔ مزید شرائط دورانِ اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

18۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اشتہ

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
ایبٹ آباد چھاؤنی